سبق آموز واقعات درج کیے گئے ہیں۔ نامعلوم وجہ سے فہرست درج کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی گئی۔

ناشر: اسلامک اکیڈمی گکھڑ۔ ہدیہ: ۴۰ روپے۔ (ادارہ)

''اسلامی آداب زندگی''

پیش نظر کتاب جناب محمد منصور الزمان صدیقی بانی وچیئرمین صدیقی ٹرسٹ کراچی کے تحریر فرمودہ ۵۵ رسائل کا مجموعہ ہے جن میں انہوں نے حسن معاشرت، انابت الی اللہ، صراط مستقیم، کبائر سے اجتناب اور دیگر کئی موضوعات پر قرآنی آیات، احادیث نبویہ، سبق آموز واقعات، حکیمانہ اقوال اور فقہاے کرام کی آرا جمع کر دی ہیں۔ کتاب کا اسلوب عام فہم اور سلیس ہے۔ زندگی کے ہر پہلو سے متعلق رہنمائی اور ہدایات سے معمور یہ کتاب تقریباً ایک ہزار صفحات پر مشتمل ہے۔

ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہؓ خالق آباد نوشہرہ (حافظ مطیع اللہ عثمانی)

''کشکول معرفت''

پیش نظر کتاب مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی کے ان علمی ودینی مکاتیب کا مجموعہ ہے جو انہوں نے مولانا عبدالقیوم حقانی کے نام لکھے۔ مکتوبات کا مرکزی مضمون تزکیہ وتصوف اور احسان ہے۔ خطوط کی ہر ہر سطر سے دل سوزی ٹپکتی ہے۔

صفحات: ۴۵۰۔ قیمت: ۱۸۰ روپے۔ ناشر: القاسم اکیڈمی نوشہرہ۔ (ادارہ)

''رہنمائے خوشخطی''

زیر نظر کتاب خوشخطی سیکھنے کے خواہشمند طلباء وطالبات کے لیے بطور خاص تیار کی گئی ہے۔ خطاط مولانا محمد اسلم زاہد سید الخطاطین حضرت سید نفیس الحسینی مدظلہ العالی کے شاگرد خاص ہیں اور کتاب حضرت شاہ صاحب کی تقریظ سے مزین ہے۔

ناشر: مکہ کتاب گھر الکریم مارکیٹ حق سٹریٹ اردو بازار لاہور (مولانا مشتاق احمد)

''انصاف فی حدود الاختلاف''

مولانا سید خلیل حسین میاں صاحب نے اس کتاب میں ان اسباب کی نشاندہی کی ہے جو کہ افتراق وانتشار کا باعث بنتے ہیں مثلاً عدم تحمل، دوسروں کی تحقیر وتذلیل، دوسروں کی پردہ دری، غیبت، الزام تراشی، خود پسندی، اور تکبر وغیرہ۔ مصنف نے ان میں سے ہر ایک کی مذمت کے متعلق نصوص شرعیہ کو جمع کیا گیا ہے۔ یہ کتاب خاص طور پر علماے کرام کے لیے لکھی گئی ہے اور اس میں شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریاؒ کے افادات جا بجا درج کیے گئے ہیں۔ کتاب اردو میں ہے جبکہ نام عربی میں اور وہ بھی نادرست۔ انصاف کی جگہ الانصاف لکھنا چاہیے تھا تاکہ نام عربی قواعد کے مطابق ہوتا۔

ناشر: القاسم اکیڈمی خالق آباد نوشہرہ (مولانا مشتاق احمد)